بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى أَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ

اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

شریروں اور ظالموں سے بچاؤ کے وظائف

مرتب

ابو الحسن عبد المنان الراسخ

خادم السنة النبوية الشريفة

0300-6686931

Rasikh Rasikh

Abdul Mannan Rasikh

ادارہ کتاب و حکمت فیصل آباد

اللہ تعالیٰ نے دنیا کا نظام ہی کچھ اس طرح بنا دیا ہے کہ چاہتے نہ چاہتے مسلمان کو حاسدوں ، منافقوں ، شریروں ، طاقتوروں ، ظالموں اور دشمنوں سے واسطہ پڑ ہی جاتا ہے آپ جہاں ایسے لوگوں کی شرارتوں سے نجات کے لئے دیگر کوششیں جاری رکھتے ہیں وہاں مندرجہ ذیل وظائف بھی سمجھ کر پڑھتے رہیں ربّ تعالیٰ آپ کی خصوصی حفاظت کرتے ہوئے آپ کے سارے کے سارے شریر اور ظالم ناکام کر دیں گے اور آپ کو ہمیشہ کی عزت اور غلبہ نصیب ہوگا ، اپنے دشمنوں سے بچنے کے لئے تعویزات پہننا یا چھلے کڑے ڈالنا اور درباروں پر جانا خطرناک ناقابل معافی گناہ ہے۔



1 حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (1)

ہمیں اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے

2 اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ (2)

اے اللہ! تو جس طرح چاہے ہمیں اِن دشمنوں کے شر سے کافی ہو جا۔

3 اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ (3)

اے اللہ! ہم تجھے ہی اِن کے مقابلے میں کرتے ہیں اور اِن کی شرارتوں سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔

4 اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، وَمُجْرِيَ السَّحَابِ، وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ (4)

اے اللہ! اے کتاب کے اتارنے والے، بادلوں کو چلانے والے، لشکروں کو شکست

(1) آل عمران: 173
(2) السنن لابی داود: 1537
(3) الصحیح لمسلم: 7511
(4) الصحیح لمسلم: 4542

سے دو چار کرنے والے، دشمنوں کو شکست دے اور ہمیں اِن کے خلاف مدد دے۔

5 اَللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ وَأَنْتَ نَصِيْرِيْ بِكَ أَجُوْلُ وَبِكَ أَصُوْلُ وَبِكَ أُقَاتِلُ (1)

اے اللہ! تو ہی میرا بازو ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے، تیری مدد کے ساتھ ہی میں چکر لگاتا ہوں، تیری مدد کے ساتھ ہی میں حملہ کرتا ہوں اور تیری مدد کے ساتھ ہی میں لڑائی کرتا ہوں۔

6 اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ كُنْ لِيْ جَارًا مِّنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَأَحْزَابِهٖ مِنْ خَلَائِقِكَ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ يَطْغٰى، عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. (2)

اے اللہ! ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کے خالق و مالک اپنی مخلوق میں سے

(1) السنن لابی داؤد: 2632 صحیح

(2) الأدب المفرد للامام البخاری 707 صحیح موقوف

فلاں فلاں شخص اور اس کے گینگ سے اگر کوئی ان میں سے مجھ پر زیادتی و سرکشی کرے تو تو میرا خاص مددگار بن جا، تیری پناہ غلبے والی اور تیری تعریف بزرگی والی ہے اور تیرے علاوہ کوئی اِلہ نہیں ہے۔

7 اَللّٰهُ أَكْبَرُ اللهُ أَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيعًا، اَللّٰهُ أَعَزُّ مِمَّا أَخَافُ وَاَحْذَرُ، أَعُوْذُ بِاللهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ أَنْ يَقَعْنَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَّجُنُوْدِهٖ وَأَتْبَاعِهٖ وَأَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ، اَللّٰهُمَّ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ (1) 3 بار

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ ہی اپنی ساری مخلوق میں سے غلبے والا ہے جس کا مجھے اندیشہ یا ڈر ہے اللہ اس سے زیادہ قوت والا ہے میں اس اللہ کی پناہ میں آتا ہوں جس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے وہی ساتوں آسمانوں کو تھامنے والا ہے وہ اس کی اجازت کے بغیر نیچے نہیں گر سکتے، تیرے فلاں بندے، اس کے لشکر اور

(1) الأدب المفرد للامام البخاری 708 صحیح موقوف

جنوں انسانوں میں سے جو اس کے گروپ اور ٹیم کے ہیں اے اللہ ان کی شرارتوں سے میرا خاص مددگار بن جا تیری تعریف بزرگی والی ہے اور تیری پناہ غلبے والی ہے، تیرا نام برکت والے اور تیرے سوا کوئی مشکل کشا نہیں ہے۔

8 اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ (1)

اے اللہ! میں ہر پریشانی، غم، بے بسی، سستی، کنجوسی، بزدلی، قرض کے بوجھ اور لوگوں کے تسلّط سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

نوٹ

آخری دونوں قل جن کو ((مُعَوِّذَتَيْن)) کہا جاتا ہے یہ کثرت سے پڑھیں ان میں بڑی حفاظت، قوت اور طاقت ہے کوئی شریر کامیاب نہیں ہوگا۔

(1) صحیح البخاری: 6363، لجامع الصغیر: 2864

دیگر اذکار کارڈ

1	پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری نماز
2	نماز جنازہ کے اذکار
3	صبح وشام کے اذکار
4	استغفار کے اذکار
5	روزمرہ کے اذکار
6	سفر کے اذکار
7	قرآنی پیکج
8	عمرہ کا آسان طریقہ
9	حج کا آسان طریقہ
10	سفر آخرت کے اذکار

مذکورہ تمام کارڈز موبائل پی ڈی ایف فارمیٹ میں حاصل کرنے

کیلئے رابطہ کریں +92 300 6686931